## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR ON THE PAKISTAN PENAL CODE (AMENDMENT) BILL, 2020

I, Chairman of the Standing Committee on Interior have the honor to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2019] (Private Member's Bill), referred to the Committee on 1st October, 2019.

2. The Committee comprises the following:

| | |
|---|---|
| 1) **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2) Mr. Sher Akbar Khan | Member |
| 3) Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4) Mr. Raza Nasrullah | Member |
| 5) Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 6) Mr. Rahat Aman Ullah Bhatti | Member |
| 7) Malik Karamat Ali Khokhar | Member |
| 8) Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 9) Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak | Member |
| 10) Mr. Muhammad Akhtar Mengal | Member |
| 11) Nawabzada Shazain Bugti | Member |
| 12) Malik Sohail Khan | Member |
| 13) Rana Shamim Ahmed Khan | Member |
| 14) Mr. Mohammad Pervaiz Malik | Member |
| 15) Mr. Nadeem Abbas | Member |
| 16) Ms. Maryam Aurangzaib | Member |
| 17) Syed Agha Rafiullah | Member |
| 18) Nawab Muhammad Yousuf Talpur | Member |
| 19) Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 20) Mr. Asmatullah | Member |
| 21) Mr. Ijaz Ahmad Shah<br>Minister for Interior | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **Annex-A,** in its meetings held on 13-11-2019 and 14-11-2019. The Committee recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

-Sd-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
*Islamabad, the 25th Sept, 2020*

-Sd-
**(RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ)**
Chairman
Standing Committee on Interior

Annex. A

## [AS REPORTED BY STANDING COMMITTEE]

**A**

**BILL**

*further to amend the Pakistan Penal Code, 1860.*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:—

**1. Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the Pakistan Penal Code (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of sections 3, Act XLV of 1860.** — In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), in section 3, for full stop, at the end, a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added namely:-

"Provided that where the accused has been extradited into Pakistan or brought into Pakistan under any arrangement with a foreign country or authority other than extradition or where against an accused any evidence is used in court which has been obtained from a foreign country, the court upon conviction may punish such accused with any punishment provided for that offence except punishment of death.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Trans-national organized crimes required collection of evidences from several countries. The available tool of mutual legal assistance does not bear fruit as the request under this arrangement is not entertained on the ground of apprehension regarding award of death penalty. It is therefore necessary to amend the Pakistan Penal Code, 1860 by excluding death as penalty. Hence the Bill is required to solve the issue.

2. This Bill has been designed to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-

**MR. MEHBOOB SHAH**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ یکم اکتوبر، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۱۹ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر اکبر خان | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب رضا نصر اللہ | رکن |
| ۵۔ | خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۶۔ | جناب راحت امان اللہ بھٹی | رکن |
| ۷۔ | ملک کرامت علی کھوکھر | رکن |
| ۸۔ | سردار طالب حسن نکئی | رکن |
| ۹۔ | محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد اختر مینگل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ شاہ زین بگٹی | رکن |
| ۱۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۱۳۔ | رانا شمیم احمد خان | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد پرویز ملک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۱۶۔ | محترمہ مریم اورنگزیب | رکن |
| ۱۷۔ | سید آغا رفیع اللہ | رکن |
| ۱۸۔ | نواب محمد یوسف تالپور | رکن |
| ۱۹۔ | جناب عبد القادر پٹیل | رکن |
| ۲۰۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۲۱۔ | جناب اعجاز احمد شاہ<br>وزیر برائے داخلہ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۳ نومبر، ۲۰۱۹ء اور ۱۴ نومبر، ۲۰۱۹ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل 'منسلکہ۔الف' پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۲۵ ستمبر، ۲۰۲۰ء

دستخط/۔
(راجہ خرم شہزاد نواز)
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے داخلہ

منسلکہ۔الف

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ**:۔ (۱) ایکٹ ہذا مجموعہ تعزیرات پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء، دفعہ ۳ کی ترمیم**۔۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، دفعہ ۳ میں، آخر میں وقف، کامل کی بجائے شرحہ تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کسی ملزم کو پاکستان کی تحویل میں دیا گیا ہو یا کسی غیر ملک یا اتھارٹی کے ساتھ کسی بندوبست کے تحت تحویل میں دیئے جانے سے، ہٹ کر پاکستان میں لایا گیا ہو یا جہاں کسی ملزم کے خلاف عدالت میں کوئی شہادت استعمال کی گئی ہو جو کسی غیر ملک سے حاصل کی گئی ہو تو عدالت جرم ثابت ہونے پر مذکورہ ملزم کو ماسوائے سزائے موت کے، کوئی بھی سزا دے سکتی ہے جو اس جرم کی بابت فراہم کی گئی ہو۔" ۔

## بیان اغراض و وجوہ

ماورائے قومی منظم جرائم کی بابت مختلف ممالک سے شہادتیں اکٹھا کرنا درکار ہوتی ہیں۔ باہمی قانونی معاونت کے دستیاب ذرائع بار آور ثابت نہیں ہوتے کیونکہ اس بندوبست کے تحت درخواست کو اس خدشے کی بنیاد پر کہ سزائے موت دے دی جائے گی، پذیرائی نہیں دی جاتی۔ چنانچہ ضروری ہے کہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء میں ترمیم کے ذریعے سزائے موت کو ختم کر دیا جائے۔ لہٰذا اس بل کے ذریعے مذکورہ مسئلہ کا حل درکار ہے۔

۲۔ یہ بل مذکورہ بالا اغراض کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/۔

جناب محبوب شاہ

رکن، قومی اسمبلی